SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**May 16, 2017**

ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ مشیروں کے لئے تعلیمی اہلیت لازمی قرار دے دی

اسلام آباد ۱۶ مئی: کیپٹل مارکیٹ میں گڈ گورننس کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے تحفظ اور مارکیٹ میں پیشہ ور سرمایہ کاری مشیروں کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کیپٹل مارکیٹ کے صارفین کو مشاورتی خدمات فراہم کرنے والے تمام افراد کے لئے تعلیمی اہلیت لازمی قرار دے دی ہے۔

سرمایہ کاری کے بارے میں مشورے دینے والے تمام افراد کو پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹ (آئی ایف ایم) سے فنانشل ایڈوائزرز سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ اس کے علاوہ میوچل فنڈ کے یونٹس تقسیم کرنے والوں کو بھی آئی ایف ایم کی جانب سے پیشکش کردہ میوچل فنڈ ڈسٹری بیوٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

ایس ای سی پی کی جانب سے اس ضروری انضباطی شرط کو پورا کرنے کے لئے تمام موجودہ اور نئی سکیورٹیز اور فیوچرز سیکٹر میں کام کرنے والے مشیروں (ایڈوائزرز) کو یہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے ایک سال کا وقت دیا گیا ہے۔

سرٹیفکیٹ کی یہ شرط ان اداروں کے چیف ایگزیکٹوز کے لئے بھی ہے جو کہ سرمایہ کاروں اور مارکیٹ کے صارفین کو مشورہ دینے کا کام کرتے ہیں۔

سرٹیفیکیٹ کی یہ شرط پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں ایڈوائزری کا کام کرنے والوں کی اہلیت کو بہتر بنائے گی اور اس شعبے میں بہتر معیارات قائم ہوں گے اور سرمایہ کاروں کو مزید تحفظ حاصل ہوگا۔